**Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar**

Date : 18 May 2024

Time : 09.00 to 09.10 AM

# آکاشوانی چھترپتی سنبھاجی نگر

## علاقائی خبریں

تاریخ : ۱۸؍مئی ۲۰۲۴ء

وقت : صبح ۹.۰۰ سے ۹.۱۰ بجے

سب سے پہلے خاص خبروں کی سرخیاں ...

- ☆ لوک سبھا انتخابات کے پانچویں مرحلے کی تشہیر کا آج آخری دن
- ☆ ممبئی میں مہایوتی اور مہا وِکاس آگھاڑی کے جلسوں میں ایک دوسرے پر الزامات کی بوچھار
- ☆ آبائی کھیتی کے لیے دو بھائیوں سمیت 4 ؍افراد کا قتل کرنے والی بہن سمیت 3 ؍افراد کو پھانسی
- ☆ چھترپتی سنبھاجی نگر میں غیر قانونی اسقاط حمل کے 2 ؍معاملوں میں 4 ؍افراد گرفتار

اور

- ☆ تھائی لینڈ اوپن بیڈمنٹن ٹورنامنٹ کے مردوں اور خواتین کے ڈبلز مقابلوں میں بھارتی جوڑیاں سیمی فائنل میں داخل

اب خبریں تفصیل سے...

لوک سبھا انتخابات کے ریاست میں آخری مرحلے کی تشہیری مہم کا آج آختتام ہو رہا ہے۔ ریاست میں شمالی ممبئی‘ شمال وسطی ممبئی‘ جنوبی ممبئی‘ جنوب وسطی ممبئی‘ شمال مشرق اور شمال مغرب ممبئی‘ دھولیہ‘ دنڈوری‘ ناسک‘ پالگھر‘ بھونڈی‘ کلیان اور تھانے اِن 13 /انتخابی حلقوں میں 20/ مئی کو ووٹ ڈالے جائیں گے۔ اِسی دوران مختلف سیاسی جماعتوں کے قائدین اپنے امیدواروں کی تشہیر کے لیے جلسوں کا انعقاد کر رہے ہیں۔

بی جے پی کے سینئر رہنما اور وزیر اعظم نریندر مودی نے کل ممبئی کے شیواجی پارک پر مہایوتی امیدوار کے لیے جلسے سے خطاب کیا۔ اِس موقعے پر نونرمان سینا کے سربراہ راج ٹھاکرے اور مہایوتی کے قائدین موجود تھے۔ انھوں نے کہا کہ وہ ایک ترقی یافتہ بھارت ہم وطنوں کے سپرد کریں گے۔

رام مندر کی تعمیر، تین طلاق کی منسوخی، خواتین کے لیے پارلیمنٹ میں ریزویشن اور دہشت گردی کے خاتمے جیسے موضوعات پر وزیراعظم نے اپنی تقریر کے دوران تبصرہ کیا۔ وزیراعظم مودی نے دفعہ 370 / کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ کوئی بھی طاقت اِس دفعہ کو کشمیر میں دوبارہ نافذ نہیں کرسکتی۔ وہیں راج ٹھاکرے نے اپنے خطاب کے دوران مراٹھی کو اشرافیہ کی زبان کا درجہ دینے اور مراٹھا سلطنت کی تاریخ کو ملکی سطح پر اسکولی نصاب میں شامل کرنے جیسے موضوعات کا ذکر کیا۔ شیوسینا کے مرکزی رہنما اور وزیراعلیٰ ایکناتھ شندے، راشٹروادی کانگریس کے صدر اجیت پوار، نائب وزیراعلیٰ دیویندر پھڑنویس سمیت دیگر قائدین نے جلسے سے خطاب کیا۔

***** ***** *****

ممبئی دورے کے دوران وزیراعظم مودی نے چیتیہ بھومی پر حاضری دی اور بھارت رتن ڈاکٹر بابا صاحب امبیڈکر کو خراجِ عقیدت پیش کیا۔ انھوں نے شیوسینا کے بانی بالا صاحب ٹھاکرے کی یادگار پر جاکر پھول نچھاور کیے۔

***** ***** *****

مہایوتی کی طرح مہاوکاس آگھاڑی کی جانب سے بھی ممبئی میں اپنی سیاسی طاقت کا زبردست مظاہرہ کیا گیا۔ ممبئی کے باندرہ، کُرلا کامپلیکس میدان پر مہاوِکاس آگھاڑی نے کل شام جلسے کا انعقاد کیا۔ اِس میں کانگریس پارٹی کے قومی صدر ملک ارجن کھرگے، راشٹروادی کانگریس شرد چندر پوار گروپ کے صدر شرد پوار، شیوسینا اُدھو بالا صاحیب ٹھاکرے پارٹی کے سربراہ اُدھو ٹھاکرے اور دلّی کے وزیراعلیٰ اروِند کیجری وال موجود تھے۔

***** ***** *****

راشٹروادی کانگریس شرد چندر پوار گروپ کے سربراہ شرد پوا نے اِس موقع پر مودی حکومت کی پالیسیوں پر تنقید کی۔ انھوں نے کہا کہ جب جمہوریت اور دستور بحران کا شکار ہے تو ہم سب کو متحد رہنا چاہیے۔ شیوسینا اُدھو بالا صاحب ٹھاکرے پارٹی کے صدر اُدھو ٹھاکرے نے وزیراعظم نریندر مودی کو چُناوی مہم کے لیے کوئی سمت نہ ملنے پر تنقید کی۔ انھوں نے الزام عائد کیا کہ ممبئی اور مہاراشٹر کی کئی صنعتوں کو گجرات منتقل کیا گیا۔

***** ***** *****

اِسی طرح دھولیہ میں کل مہا وِکاس آگھاڑی امیدوار ڈاکٹر شوبھا تائی بچھاؤ کی تشہیر کے لیے رکن پارلیمان اِمول کولہے نے جلسہ عام کا انعقاد کیا۔ وہیں اِس حلقے سے مہا یوتی امیدوار ڈاکٹر سُبھاش بھامرے کی انتخابی مہم کے دوران مرکزی وزیر نتن گڈکری نے ضلع کے شندکھیڑا میں جلسے سے خطاب کیا۔

انھوں نے نتن گڈکری نے کہا کہ گزشتہ 60 / برسوں کے دوران کانگریس جو نہ کرسکی وہ کام 10 / برسوں میں وزیر اعظم نریندر مودی کے دورِ حکومت میں مکمل کر لیے گئے۔ اِن میں راستے ' آب پاشی اور دیگر بنیادی سہولیات کی فراہمی کے کام شامل ہیں۔

***** ***** *****

عام انتخابات کے 7 / ویں مرحلے کے لیے نام واپس لینے کی کل آخری تاریخ تھی۔ اِس مرحلے میں 7 / ریاستوں اور ایک مرکز کے زیرِ انتظام علاقے کے کُل 57 / حلقوں میں یکم جون کو ووٹ ڈالے جائیں گے۔ اِن میں اُتر پردیش اور پنجاب کی فی کس 13 / نشستیں ' مغربی بنگال 9 / بہار 8 / اوڈیشہ 6 / ہماچل پردیش 4 / جھارکھنڈ 3 / اور چنڈی گڑھ کی ایک نشست شامل ہے۔ تمام مراحل کے ووٹوں کی گنتی 4 / جون کو ایک ساتھ ہوگی۔

***** ***** *****

ریاست کے چیف انتخابی افسر ایس چوک لنگم نے وضاحت کی ہے کہ ریاست میں تمام مراحل کے دوران کی گئی رائے دہی کی ای وی ایم مشینیں محفوظ ہیں۔ وہ کل ممبئی میں ایک اخباری کانفرنس سے خطاب کر رہے تھے۔ انہوں نے بعض مقامات پر سی سی ٹی وی کیمرے بند پڑنے سے متعلق پوچھے گئے سوالات پر بھی اظہارِ خیال کیا۔ انھوں نے بتایا کہ ای وی ایم مشینیں امیدواروں کی دستخطوں سے سیل کی گئی ہے اور جن مقامات پر انہیں رکھا گیا ہے وہاں سی سی ٹی وی کیمروں سے ریکارڈنگ کی جا رہی ہے۔ انھوں نے وضاحت کی کہ بعض مقامات پر صرف سی سی ٹی وی اسکرین بند پڑ گئے تھے۔

***** ***** *****

چھترپتی سنبھاجی نگر کے کلکٹر اور ضلع ریٹرننگ افسر دلیپ سوامی نے کل اُس اسٹارنگ روم کا معائنہ کیا جہاں ای وی ایم مشینیں رکھی گئی ہیں۔ اسٹرانگ روم اور گنگی مرکز شہر کے ایم آئی ٹی کالج میں قائم کیا گیا ہے۔ جہاں 3 / سطحی حفاظتی انتظامات کیے گئے ہیں۔ سینٹرل آرمڈ پولس فورس ' اسٹیٹ ریزرویشن فورس اور ریاستی پولس اِس مرکز کا احاطہ کیے ہوئے ہے اور علاقے کی سی سی ٹی وی کیمروں سے نگرانی کی جا رہی ہے۔ کلکٹر سوامی نے کل اِن تمام انتظامات کا جائزہ لیا۔

***** ***** ***** ***** ***** *****

## یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سنبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں

***** ***** ***** ***** ***** *****

اکولا کی اضافی ضلع وسیشن کورٹ نے آبائی کھیتی ہڑپنے کے لیے 2/ بھائیوں اور اُن کے 2/ بچوں کے قتل معاملے میں ایک خاتون سمیت 3/ افراد کو پھانسی کی سزا سنائی ہے۔ 28/ جون 2015ء کو تیلہارا تعلقے کے مالپورہ میں دوارکا بائی تیل گوٹے نے اپنے شوہر ہری بھاؤ تیل گوٹے اور بیٹے شیام تیل گوٹے کی مدد سے دھن راج چرہاٹے اور بابوراؤ چرہاٹے اور اُن کے 2/ بچوں کا قتل کر رہا۔ عدالت نے 21/ افراد کی گواہی اور دیگر شواہد کی بنیاد پر اِن 3/ افراد کو پھانسی کی سزا سنائی۔

***** ***** *****

پولس نے کل غیر قانونی اسقاطِ حمل معاملے میں چھترپتی سنبھاجی نگر ضلعے کے سلوڑ سے تعلق رکھنے والے ڈاکٹر روشن ڈھاکرے کو گرفتار کیا گیا۔ حمل کی جنس کی تشخیص کرنے والی ایک خاتون کو گزشتہ اتوار کے روز گرفتار کیا گیا تھا۔ پولس نے کل اُس وقت کارروائی کی جب تحقیقات کے دوران یہ پتہ چلا کہ حمل کی تشخیص کے بعد ڈھاکے کے کلینک میں اسقاطِ حمل کیا جارہا ہے۔

اِسی بیچ آشا کارکن ویشیالی جادھو کو پولس نے کل نائیگاؤں سے گرفتار کرلیا جو غیر قانونی طور پر جنس کی تشخیص اور اسقاطِ حمل معاملے میں فرار تھی۔ پولس نے گزشتہ 31/ جنوری کو ویشالی کے مکان پر چھاپہ مارا تھا جہاں غیر قانونی طور پر یہ مرکز چلایا جارہا تھا۔

***** ***** *****

لاتور میونسپل کارپوریشن نے انتباہ دیا ہے کہ شہر میں غیر قانونی اور خانگی املاک پر لگائی گئی ہورڈنگ کو کل تک ہٹا دیا جائے۔ ورنہ متعلقہ افراد پر قانونی کارروائی کی جائے گی۔ ممبئی کے گھاٹ کوپر علاقے میں پیش آئے حادثے کے بعد کل شہر میں لگائی گئی 16/ ہورڈنگز کو ہٹا دیا گیا۔

***** ***** *****

چھترپتی سنبھاجی نگر کے کلکٹر دلیپ سوامی نے کل مانسون سے پہلے کی تیاریوں اور خریف موسم کے لیے منصوبہ بندی کا جائزہ لیا۔ سوامی نے تمام محکمہ جات کو مانسون سے پہلے کے اقدامات یکم جون تک مکمل کرنے کی ہدایت دی ہے۔ اِسی کے ساتھ انھوں نے خریف سیزن کے جائزاتی اجلاس میں کسانوں کو فصل کے لیے قرض فراہم کرنے کی خاطر قرضوں کی تجدید کی اپیل کی۔ انھوں نے بینکوں کو ہدایت دی کہ وہ فصل قرض کے معاملات کو حساس طریقے سے نمٹائیں۔

***** ***** *****

تھائی لینڈ اوپن بیڈمنٹن ٹورنامنٹ کے مردوں کے ڈبلز مقابلے میں بھارت کے ساتوک سائی راج رنکی ریڈی اور چراغ شیٹی کی جوڑی نے سیمی فائنل میں داخلہ حاصل کرلیا ہے۔ اِس جوڑی نے کل کوارٹر فائنل میں ملیشیائی جوڑی کو شکست دی۔ اِس سے قبل خواتین کے ڈبلز مقابلے میں بھارتی جوڑی اشونی پونپا اور تنیشا کراسٹو نے جنوبی کوریا کی خواتین کھلاڑیوں کو ہرا کر سیمی فائنل میں رسائی حاصل کرلی ہے۔

***** ***** *****

**آخر میں اہم خبروں کی سرخیاں ایک مرتبہ پھر سن لیجیے ...**

- ☆ **لوک سبھا انتخابات کے پانچویں مرحلے کی تشہیر کا آج آخری دن**
- ☆ **ممبئی میں مہایوتی اور مہاوِکاس آگھاڑی کے جلسوں میں ایک دوسرے پر الزامات کی بوچھار**
- ☆ **آبائی کھیتی کے لیے دو بھائیوں سمیت 4 /افراد کا قتل کرنے والی بہن سمیت 3 /افراد کو پھانسی**
- ☆ **چھترپتی سنبھاجی نگر میں غیر قانونی اسقاطِ حمل کے 2 /معاملوں میں 4 /افراد گرفتار**

**اور**

- ☆ **تھائی لینڈ اوپن بیڈمنٹن ٹورنامنٹ کے مردوں اور خواتین کے ڈبلز مقابلوں میں بھارتی جوڑیاں سیمی فائنل میں داخل**

**علاقائی خبریں ختم ہوئیں**

**آپ یہ خبرنامہ ہمارے یوٹیوب چینل AIR چھترپتی سنبھاجی نگر پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔**

☆☆☆